یورپین یونین الیکشن جائزہ کار مشن

اسلامی جمہوریہ پاکستان،

عام انتخابات 2013

Press Release : EU EOM/2013/04
Date: Islamabad 3/05/2013

For Immediate Release

یورپی یونین مبصر مشن کے سربراہ کا دورہ پشاور کے دوران پرتشدد کارروائیوں کے باعث انتخابی عمل پر پڑنے والے بُرے اثرات پر شدید خدشات کا اظہار

پاکستان میں یورپی یونین الیکشن جائزہ کار مشن کے سربراہ اور یورپی پارلیمان کے رکن مائیکل گاہلر نے اپنے 2 مئی کے دورۂ پشاور کے دوران ملک کی مخصوص سیاسی جماعتوں کے خلاف بڑھتی ہوئی پرتشدد کاروائیوں پر اپنے شدید خدشات کا اظہار کیا ہے۔اس سے قبل اپنے دورہ کراچی میں اور اب دوبارہ پرزور لہجے میں انہوں نے متعلقہ حکام سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا کہ وہ ملک میں جاری انتخابی سرگرمیوں کے دوران پرتشدد کاروائیوں کو روکنے کی بھرپور کوششیں کریں اور انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں،شہریوں کے جان ومال اور جمہوری انتخابی عمل کے تحفظ کو یقینی بنائیں۔

مائیکل گاہلر نے کہا ’’ملک کے تین صوبوں خیبر پختونخواہ،سندھ اور بلوچستان میں مخصوص سیاسی جماعتوں اور ان کے حامیوں پر حملوں سے نہ صرف سیاسی جماعتیں متاثر ہونگی بلکہ عام انتخابات کے انعقاد کے لئے جاری جمہوری عمل بھی تباہی کی نظر ہوجائے گا،درحقیقت ہر حملہ جمہوری عمل کو سبوتاژ کرنے اور شہریوں کے حق رائے دہی کو تسلیم نہ کرنے کے مترادف ہے، میں پاکستانی حکام کی عام انتخابات کے انعقاد میں امن وامان کیلئے کی جانے والی کوششوں کا خیر مقدم کرتا ہوں اور مطالبہ کرتا ہوں کہ تمام متعلقہ ادارے اور لوگ پرتشدد کاروائیوں کے سامنے ڈٹ جائیں اور عوام کو ان کے جائز حق رائے دہی کی بلاخوف ادائیگی میں اپنا کردار ادا کریں۔‘‘

اپنے دورہ پشاور کے دوران مائیکل گاہلر نے صوبائی حکومت کے افسران ، انتخابی انتظامیہ اور خیبر پختون خواہ اور فاٹا کے سیاسی امیدواروں اور سول سوسائٹی کے نمائندوں سے ملاقاتیں کی۔

یورپی یونین کا جائزہ کار مشن اپنے مخصوص طویل مدتی طریقہ کار کے تحت انتخابی عمل کا اسلام آباد سمیت ملک بھر کے تینوں صوبوں میں باریک بینی سے جائزہ لے رہا ہے مگر کوئی مبصر مشن سکیورٹی خدشات کے باعث بلوچستان اور فاٹا میں تعینات نہیں کیا گیا۔مبصر مشن کے سربراہ کا حالیہ دورہ پشاور اس بات کی دلیل ہے کہ جائزہ کار مشن ملک بھر کے اطراف میں تمام تر سرگرمیوں پر گہری نظر رکھتا ہے۔

نوٹ برائے ایڈیٹرز صاحبان:

یورپین یونین الیکشن مبصر مشن دیگر یورپین اداروں اور رکن ممالک کے اثرورسوخ سے بالاتر ہوکر اپنے امورسرانجام دیتا ہے۔مبصر مشن 2005 میں اقوام متحدہ کی طرف سے انتخابات کی مانیٹرنگ کے لیے مروجہ معاہدے ڈیکلریشن آف پرنسپلز فار انٹرنیشنل الیکشن آبزرویشن کے تحت کام کرتا ہے۔

مزید معلومات اور شرکت کیلئے رابطہ کریں

مسٹر پیٹر باسٹن ہالبرگ
(پریس آفیسر)
+92 0303 777 6412
E-mail: peter-bastian.halberg@eueompakistan.eu

EU EOM Pakistan

Hotel Serena, Islamabad
Tel +92(0)51-2600146-49 & Fax +92(0)51-2600150

Press Officer Peter-Bastian Halberg +92 (0)3037776412
peter-bastian.halberg@eueompakistan.eu
www.eueompakistan.eu